روزنامہ الفضل ربوہ
رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴
فون: ۴۴۹
ایڈیٹر: نسیم سیفی
جلد ۴۳-۷۸ نمبر ۲۶۶ | ہفتہ ۱۲۔ جمادی الثانی ۱۴۱۴ھ ۲۷۔ نبوت ۱۳۷۲ ہش ۲۷۔ نومبر ۱۹۹۳ء

توحید کا پیغام پہنچانے کی راہ میں قربانیاں

آپ نے جب توحید کا پیغام دنیا میں پہنچانا ہے تو یاد رکھیں کہ اس راہ میں تکلیفیں دی جائیں گی (------) میں جانتا ہوں کہ اس زمانہ میں توحید کے لئے جتنی جماعت احمدیہ نے قربانیاں دکھائی ہیں دنیا کے پردے پر توحید کے لئے دی جانیوالی ساری قربانیاں ایک طرف کر دیں تو اس کے مقابل پر ان کی کوئی حیثیت نہیں۔ اس زمانہ میں توحید کے نام پر سوائے جماعت احمدیہ کے کسی کو سزا نہیں دی جا رہی۔

(حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ارشادات حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ

بعض لوگوں کی حالت ایسی ہوتی ہے کہ ان کو ایسے اسباب پیش آجاتے ہیں مثلاً ملازمت یا کوئی اور وجہ کہ ان کی عمر کا ایک بڑا حصہ ظلماتی حالت میں گذرتا ہے۔ نہ پابندی (عبادت) کی طرف توجہ کرتے ہیں، نہ قال اللہ اور قال الرسول سُننے کا موقع ملتا ہے۔ کتاب اللہ پر غور کرنے کا ان کو خیال تک بھی نہیں آتا۔ ایسی صورت میں جب ایک زمانہ ظلمت کا گذر جاوے تو یہ خیالات راسخ ہو کر طبیعت ثانیہ کا رنگ پکڑ جاتے ہیں۔ پس اس وقت اگر انسان توبہ اور استغفار کی طرف توجہ نہ کرے تو سمجھو کہ بڑا ہی بد قسمت ہے۔ غفلت اور سستی کا بہترین علاج استغفار ہے۔ سابقہ غفلتوں اور سستیوں کی وجہ سے کوئی ابتلاء بھی آجاوے تو راتوں کو اُٹھ اُٹھ کر سجدے اور دعائیں کرے اور خدائے تعالیٰ کے حضور ایک سچی اور پاک تبدیلی کا وعدہ کرے۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ ۱۹۸-۱۹۹)

قیامت تک آپ کی ہدایت پر قائم رہنے کا راز توحید میں ہے

(حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

توحید کا مضمون چل رہا ہے اس لئے میں حضرت اقدس (بانی سلسلہ احمدیہ کو ملنے والی ایک خدائی خبر) کے الفاظ میں ان تمام مجالس کو اور دنیا کی تمام جماعتوں کو پیغام دیتا ہوں کہ (-) اے ابنائے فارس! توحید کو مضبوطی سے پکڑ لو۔ خبردار! توحید کو مضبوطی سے پکڑ لو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں خوشخبری دو کہ (-) کہ خدا کی نگاہ میں ان کا قدم سچائی پر پڑ رہا ہے۔ ان کے رب کی نظر میں ان کا قدم سچائی پر پڑ رہا ہے۔

ان دونوں جملوں کا تعلق دراصل توحید اور اس کے لازمی نتیجہ سے ہے۔ یہاں ابنائے فارس میں روحانی ابناء فارس لازماً داخل ہیں۔ کیونکہ ابناء فارس کا مضمون ہی روحانی تعلق سے شروع ہوتا ہے۔ حضرت سلمان فارسیؓ کو حضرت اقدس محمد رسول اللہ ﷺ نے اہل بیت قرار دیا۔ گویا کہ ان کی ذات کا ایک روحانی تعلق ہے جسے اہل بیت کے تعلق میں تبدیل کر کے ظاہر فرمایا گیا کہ ایک ہی بات ہے جو روحانی طور پر بیٹا بنے وہ جسمانی طور پر بھی بیٹا کہلانے کا مستحق بن جاتا ہے۔ پھر حضرت (بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ) کا آپ سے تعلق بھی روحانی ہی ہے آپ اہل فارس میں سے تھے مگر آپ کی اولاد میں سے نہیں تھے کیونکہ حضرت سلمان فارسیؓ کی تو کوئی اولاد نہیں تھی۔ پس دوہرا مضمون ہے کہ جہاں ابنائے فارس کا ذکر آئے گا وہاں روحانی اہل بیت لازماً داخل ہوں گے۔ پس خدوا التوحید التوحید میں ساری جماعت احمدیہ مخاطب ہے اور توحید کو اگر آپ مضبوطی سے پکڑ لیں تو پھر یہ خوشخبری ہے۔ (-) ایسے صاحب توحید ایمان والوں کو یہ خوشخبری دے دو کہ ان کا قدم خدا کی نگاہ میں سچائی پر پڑا ہوا ہے اور جس کا قدم خدا کی نگاہ میں سچائی پر قائم ہوا سے دنیا میں کون بہکا سکتا ہے۔ کون گمراہ کر سکتا ہے۔ پس قیامت تک آپ کی ہدایت پر قائم رہنے کا راز توحید میں ہے۔

(از خطبہ ۲۰۔ اگست ۱۹۹۳ء)

اپنی اطاعت کی حفاظت کریں یہ نہ دیکھیں کہ کون ہے جسے نظام جماعت کی نمائندگی کا حق عطا کیا گیا ہے یہ غور کریں کہ کس نے عطا کیا ہے۔ کس کی نمائندگی کر رہا ہے۔

(حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ)

فہرست جنازہ حاضر و غائب

○ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۵۔ نومبر ۹۳ء کو بیت الفضل لندن میں جمعہ سے قبل مندرجہ ذیل جنازہ حاضر و غائب پڑھائے۔

جنازہ حاضر۔

مکرمہ بشریٰ چیمہ صاحبہ اہلیہ مکرم محمد الیاس صاحب چیمہ۔ لندن

جنازہ غائب

۱۔ مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب وڑائچ (نیشنل سیکرٹری ضیافت) جرمنی

۲۔ مکرم چوہدری علی اکبر صاحب سابق نائب ناظر تعلیم ربوہ

۳۔ مکرمہ نفیسہ بیگم صاحبہ اہلیہ چوہدری ظفر اللہ خان صاحب ایڈووکیٹ سابق امیر گوجرانوالہ

۴۔ مکرمہ ثریا بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم ملک طاہر احمد صاحب کینیڈا۔ سمڑیال

۵۔ مکرم میاں مبارک احمد صاحب طور۔ احمد نگر

۶۔ مکرم چوہدری محمد صادق صاحب۔ چک 53/L ضلع جھنگ

۷۔ مکرمہ رسول بی بی زوجہ چوہدری فیروز دین بھٹی صاحب۔ کراچی

ولادت

○ فرخ احمد کامران ناظم امور طلباء لاہور کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ۲۹۔ ستمبر کو بیٹی سے نوازا ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچی کا نام نائلہ کامران عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ مکرم محمد رشید احمد صاحب ایڈووکیٹ لاہور کی نواسی اور چوہدری محمد رشید صاحب الفرخ دارالصدر شمالی کی پوتی ہے۔ درخواست دعا ہے اللہ تعالیٰ نومولودہ کو نیک لائق اور خادم دین بنائے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ	پبلشر: آغا سیف اللہ - پرنٹر: قاضی منیر احمد مطبع: ضیاء الاسلام پریس - ربوہ مقام اشاعت: دارالنصر غربی - ربوہ	قیمت دو روپیہ

۲۷ / نومبر ۱۹۹۳ء ۲۷ / نبوت ۱۳۷۲ھش

خدا بنا بیٹھا ہے

بعض اوقات لوگ کسی کے ظلم و ستم کو دیکھ کر کہہ اٹھتے ہیں "یوں لگتا ہے جیسے وہ خدا بنا بیٹھا ہے" لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ خدا تعالیٰ کا بڑا غلط تصور ہے۔ یہ سمجھ لینا کہ جو شخص اپنی طاقت کو بلا جواز استعمال کرتا ہے وہ اپنے زعم میں اپنے آپ کو خدا سمجھتا ہے اپنی کم علمی کا نتیجہ ہے۔ اگر کوئی یہ سمجھے کہ کوئی شخص خدا بنا بیٹھا ہے تو اسے یہ بھی تو سوچنا چاہئے کہ خدا تعالیٰ تو ارحم الراحمین ہے۔ وہ تو عیبوں کو ڈھانکنے والا ہے۔ وہ تو بے کس اور بے بس کی مدد کرنے والا ہے۔ وہ تو گناہوں کو بخشتا ہے اور کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ اور ان سب باتوں کے ساتھ وہ حکیم و علیم بھی ہے اور جو کچھ کرتا ہے وہ بات حکمت سے پُر ہوتی ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ اپنی "قوت" کا اظہار بھی کرتا ہے۔ وہ خود کہتا ہے کہ اس کا کوئی بھی مقابلہ نہیں کر سکتا اور جب مناسب سمجھتا ہے سزا بھی دیتا ہے اور بعض افراد کو بلکہ بعض قوموں کو بھی پیس کر بھی رکھ دیتا ہے۔ لیکن خدا کا تصور ان سب باتوں کو ملا کر سامنے آنا چاہئے اور یہ بات ہمیشہ مد نظر رہنی چاہئے کہ اس نے خود ہی کہا ہے کہ اس کی رحمت ہر شے پر حاوی ہے۔

حیرانگی کی بات یہ ہے کہ کچھ لوگ جب یہ کہتے ہیں کہ فلاں شخص گویا اپنے آپ کو خدا سمجھتا ہے یا فلاں شخص خدا بنا بیٹھا ہے۔ ان کے دل میں خدا کا غلط اور محدود تصور کیوں ہوتا ہے۔ انسان کا فرض ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی صفات کو اپنائے اور حقیقی عبادت یہی ہے کہ اپنی استطاعت اور اپنی استعداد کے مطابق اللہ تعالیٰ کی صفات کو اپنی زندگی کا حصہ بنایا جائے۔

ایسا کرنے کے لئے اس کی صفات کا علم ہونا چاہئے اور دل میں یہ جذبہ بیدار کرنے کی ضرورت ہے کہ نیکی دراصل خدا تعالیٰ کی صفات کو اپنانے کا نام ہے اگر ایسا ہو تو ہم ہرگز کسی سخت گیر شخص کے متعلق یہ نہ کہیں "گویا وہ خدا بنا بیٹھا ہے کوئی "خدا بنا بیٹھا ہے" تو اسے تو خدا تعالیٰ کی صفات کا اظہار کرنا چاہئے۔ اسے رحم کرنے والا ہونا چاہئے۔ اسے دوسروں کے عیوب ڈھانپنے چاہئیں۔ اسے بے کس و بے بس کی مدد کرنی چاہئے۔ اسے ایک انتہائی پسندیدہ شخص بن کر دکھانا چاہئے۔ اس کی ذات میں خدا تعالیٰ کے حسین جلوے نظر آنے چاہئیں نہ کہ صرف سختی اور سخت گیری۔

پس کسی شخص کی سخت گیری کی وجہ سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے "فلاں شخص گویا خدا بنا بیٹھا ہے" یہ خدا تعالیٰ کا انتہائی غلط تصور ہے۔

برگِ خزاں رسیدہ کا پیغامِ زندگی
شائد یہ ہے کہ موت ہے انعامِ زندگی
جچتی نہیں کسی کی نظر میں یہ زندگی
مرنے کے بعد ہوتا ہے اکرامِ زندگی

ابو الاقبال

کیوں نہ ہو روشن زمانے میں ہمارا نام آج
ہم نے اپنے سر لیا غیروں کا ہر الزام آج

ہم نے خود دشت و جبل میں کی ہے کانٹوں کی تلاش
آبلوں کو دے رہے ہیں ہم صلائے عام آج

جن کے سر مقتل میں نیزوں کی انی پر سج گئے
سرفرازی انکی ہے مقبولِ خاص و عام آج

مسندوں کے ڈولنے کی ہولناکی الاماں
آرہے ہیں سامنے کھل کھل کے سب اوہام آج

ہر طرف طوفان برق و بادو باراں کا خروش
کون کرتا ہے سفر کا جز مرے اقدام آج

کیوں طلوعِ صبح سے ہم آج نا امید ہوں
کیا ہماری زندگی میں ہے یہ پہلی شام آج

آپ کے ہمراہ چلتے اک زمانہ ہو گیا
آپ بھی چلئے ہمارے ساتھ اک دو گام آج

پرسش احوال کا شکوہ نہیں ہرگز نہیں
اک جھلک سے آپ کی ہم ہیں بہت خوش کام آج

ہر زمانے میں خدا نے جس سے دی تسکینِ دل
بادہ نوشو آؤ پھر گردش میں ہے وہ جام آج

مرجعِ خلقِ خدا بن جائے گا یہ گھر نسیم
"ہر طرف آواز دینا ہے ہمارا کام آج"

نسیم سیفی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب کا ایک مکتوب

حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب نے اپنی صاحبزادی محترمہ صاحبزادی آمنہ طیبہ بیگم صاحبہ (بیگم محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب) کی تقریب رخصتانہ پر نصائح سے پر ایک خط تحریر فرمایا تھا جو ۱۲/ اکتوبر ۱۹۶۱ء کو الفضل میں شائع ہوا تھا اپنی افادیت کے پیش نظر ایک بار پھر ذیل میں شائع کیا جا رہا ہے۔

میری پیاری بچی طیبہ! خدا تمہارا حافظ و ناصر ہو!

آج تم ہم سے جدا ہوتی ہو طبیعت میں دو متضاد جذبات کی کشمکش ہو رہی ہے ایک طرف تمہاری شادی کی خوشی ہے اور اس بات کی خوشی ہے کہ ایک شریف ترین خاندان میں تم بیاہی جا رہی ہو دوسری طرف تمہارے جانے کا صدمہ ہو رہا ہے آنکھوں میں تمہارے بچپن سے جوانی تک کے واقعات پھر جاتے ہیں تم میرے گلستان امید کی بہترین کلی تھیں۔ ایک وقت تھا کہ سرخ سفید بھولا بھالا گوشت کا لوتھڑا مجھے اس قدر پیارا اور عزیز تھا کہ دنیا کی ہر ایک چیز اس کے مقابلہ میں ہیچ نظر آتی تھی۔ بعد میں اللہ تعالیٰ نے اور بھی تمہارے بہن بھائی دیئے۔ لیکن ان کے آنے سے تمہاری محبت میں کمی نہیں آئی میں نے تم کو لڑکوں سے کبھی کم نہیں سمجھا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کی عنایت اور مہربانی سے تمہاری تعلیم و تربیت میں کسی قسم کوتاہی نہیں کی۔ اور حتی الامکان تمہاری ضروریات کو اپنے آرام و آسائش پر مقدم رکھا اس کی یہ وجہ نہیں کہ تم میری اولاد تھی بلکہ میں نے تم سب بھائی بہنوں کو اللہ تعالیٰ کا ایک خاص انعام تصور کیا۔ تمہاری والدہ سے شادی کرنے سے میری سب سے بڑی خواہش اور آرزو یہی تھی کہ میں بھی حضرت بانی سلسلہ کا روحانی و جسمانی جزو بن جاؤں۔ میری خواہش کی تکمیل نہیں ہو سکتی تھی جب تک دنیا میں تم لوگ نہ آتے۔ اس خواہش کا سب سے پہلا ثمرہ تم ہی ہو۔ اس لئے جو محبت مجھے تم سے پیدا ہوئی میں اس کو آج تک اسی طرح محسوس کرتا ہوں۔ ایسی حالت میں تم خود اندازہ کر سکتی ہو کہ کسی کے تم کو حوالہ کر دینا میرے لئے کس قدر تکلیف اور صدمہ کا موجب ہو سکتا ہے لیکن قانون قدرت اور اللہ، رسول کی اتباع میں تم کو اپنے سے جدا کرنے پر مجبور ہوں اور ایک شریف ترین شخص کے تم کو سپرد کرتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ وہ تمہارے ساتھ ایسا ہی سلوک کرے گا جیسا کہ اس کے دادا نے اپنی بیوی کے ساتھ کیا۔ شرافت اور بزرگوں سے وابستگی سب سے بڑا بندھن ہوتی ہے اللہ کرے کہ تمہارا میاں میری حسن ظنیوں کو پورا کرنے والا ہو۔ تم دونوں نہایت پاکیزہ اور پیار و محبت کی زندگی بسر کرو تم دونوں ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک بنے رہو۔ دین و دنیا کی فلاح حاصل کرو اللہ تعالیٰ تم کو ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ تمہاری زندگیاں نہایت ہموار ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت، رحمت اور فضل کا سایہ پیہم میسر ہو حضرت بانی سلسلہ کی دعاؤں کے اہل و مورد تم ہمیشہ ہو حضور کی تعلیم اور ان کا اسوہ تمہارے لئے مشعل راہ بنے رہو اللہ کرے تم دونوں کے جوڑ سے وہ گوہر مقصود دنیا میں ظاہر ہو جس کے آنے پر دینی ترقی مقدر ہے۔ جس نے ایک بار پھر دنیا کو ورطہ ظلمت سے نکال کر نورانی دنیا میں بسا دینا ہے۔ اللہ تعالیٰ میری ان دعاؤں کو سننے والا ہے۔ اس نے میرے لئے ان ہونی کو ہونا کر کے دکھا دیا اس کے لئے کوئی مشکل نہیں کہ ذرۂ ناچیز کو ثریا تک رفعت دے۔ اس کے فضلوں کا کوئی ٹھکانا نہیں وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اب تم ایک نئے دور میں داخل ہو رہی ہو اللہ کرے کہ یہ دور پہلے دور سے زیادہ مبارک ہو لیکن جب انسان زندگی کے ایک دور کو چھوڑ کر دوسرے میں داخل ہوتا ہے تو اس میں اس کو کئی قسم کی دقتوں اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ابتدا کی معمولی سی لغزش اکثر اوقات ساری عمر کی پشیمانی کا موجب ہو جاتی ہے اس لئے نئے دور میں قدم رکھتے ہوئے بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اب تمہارا بہت سے آدمیوں سے واسطہ پڑنا ہے جن کی طبیعت سے تم مانوس نہیں ہو۔ بعض بزرگوں کے لئے اپنے خیالات اور جذبات کو قربان کرنا ہو گا اور بعض افراد کے لئے اپنی طبیعت کو مجبور کر کے پیار و محبت کے جذبات پیدا کرنے ہوں گے تاکہ نئے ماحول کے قالب میں تم اپنے آپ کو ڈھال سکو۔ بہرحال یہ ایک بڑا امتحان ہے۔ یہاں تم ان لوگوں میں تھیں جو تم کو اپنے آرام و آسائش پر مقدم رکھتے تھے۔ اب تم ان لوگوں میں جا رہی ہو جن کا تم کو بھی خیال رکھنا پڑے گا تم سمجھدار شریف خاندان کی اور ماں باپ کی بیٹی ہو تم کو زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں لیکن بعض وقت یاددہانی کام آجاتی ہے اس لئے تمہارے فائدے کے لئے چند باتیں تحریر کرتا ہوں۔ سب سے پہلے تم کو اللہ تعالیٰ کے آگے جھک جانا چاہئے اس نئے دور میں کامیاب رہنے کے لئے اس سے استقامت طلب کی جائے اس کا یقینی نتیجہ یہ ہو گا کہ ہر مشکل کے وقت وہ تمہاری رہنمائی کے لئے آن پہنچے گا اور اپنی تائید اور نصرت کے ساتھ تمہارا حامی و مددگار ہو گا اس کے بعد تم حتی الامکان وہ طرز اختیار کرنے کی کوشش کرو گی۔ جس سے سب کو اپنا گرویدہ کر لو اور ہر ایک کے ساتھ ہمدردی اور محبت کے ساتھ پیش آؤ کسی کی ریس نہ کرو۔ رشتہ داروں کے دکھ درد میں شریک رہو تاکہ تمہارا دکھ درد اپنا دکھ درد محسوس کریں سچی خیر خواہی انجام کار دشمن کو بھی اپنا بنا دیتی ہے اور یہاں تو تم اپنے عزیزوں میں جا رہی ہو لیکن اس امر کا خیال ضرور رہے کہ اس قدر اپنے آپ کو نہ مٹا لو کہ دوسرے تمہاری ہستی کو ہی نہ محسوس کریں انسان کو اپنی عزت نفس کا ضرور خیال رکھنا چاہئے۔ جو اپنی عزت خود نہیں کرتا دوسرے بھی اس کی عزت نہیں کرتے اس لئے تسلیم اور رضاء میں خود داری کا پہلو ضرور شامل ہونا چاہئے کہ نکما اور بیکار آدمی دوسروں کی نظر میں بالکل گر جاتا ہے اس لئے کام کرنا اور خدمت کرنا اپنا شیوہ بنا لو اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالو انسان کی حالت دنیا میں ایک جیسی نہیں رہتی تنگی ترشی دونوں پہلو لگے ہوئے ہیں تنگی میں صبر کو کبھی ہاتھ سے نہ چھوڑو بغیر کسی قسم کی گھبراہٹ کے اللہ کی نصرت صبر شکر کے ساتھ طلب کرتی رہو اور ایسی حالت میں اپنے میاں کے لئے امن اور سکینت کا فرشتہ بنی رہو اپنے مطالبات سے اس کو تنگ نہ کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا فضل آجائے لیکن ایسی حالت میں ایسی قناعت نہیں چاہئے کہ دونوں بیکار ہو کر بیٹھے رہو۔ خود بھی اور میاں کو بھی خدا کے آگے جھکائے رکھو اور کام کرنے اور محنت کرنے کی ترغیب ان کو دیتی رہو۔ تمہاری امی اس معاملہ میں بہترین نمونہ ہیں۔ تم نے خود دیکھا ہے کہ کس قدر تنگی انہوں نے میرے ساتھ اٹھائی لیکن اس وقت کو نہایت وفا اور محبت کے ساتھ گزار دیا ایک طرف تو یہ تسلیم و رضا تھی اور دوسری طرف مجھے کام کرنے اور باہر نکل جانے کی ترغیب دیتی تھیں۔ آخر اس صابر و شاکر ہستی کی دعاؤں کو اللہ تعالیٰ نے سنا۔ ایک طرف مجھے کام کرنے پر انہوں نے آمادہ کر دیا۔ دوسری طرف ان کی دعاؤں سے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اور فضل کے دروازے میرے پر کھول دیئے اللہ تعالیٰ تم کو اپنی امی کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ گھر میں مختلف قسم کی تکالیف بھی آئیں۔ تنگیاں بھی آئیں لیکن اس خدا کی بندی نے اپنے میکے میں ان تکالیف کا کبھی بھی ذکر نہ کیا۔ خود اپنے نفس پر سب کچھ برداشت کیا لیکن دوسروں کو اپنی تکلیف میں شامل کرنا گوارہ نہ کیا۔ وقت تھا۔ گزر گیا۔

میری بچی! مجھے بڑی خوشی ہو گی تم بھی اپنی امی کی طرز ہی اختیار کرو۔ وہ تمہارے لئے بہترین نمونہ ہیں۔ اللہ کرے کہ تم کبھی تنگی نہ دیکھو لیکن فراخی میں کبھی غریبوں کی ضروریات کو نہ بھولو۔ اپنی ضروریات پر حتی الامکان ان کو مقدم رکھو۔ تم ایسے گھر میں جا رہی ہو جس کا کام ہی مخلوق اور غرباء کی خدمت کرنا ہے۔ اگر تم نے یہ خدمت اپنے ذمہ لے لی تو ہمیشہ مخدوم بنی رہو گی۔ اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرنے میں ہی عزت ہے اللہ تعالیٰ نے تم کو ایک عظیم الشان خسر دیا ہے اس کی خوشنودی اور خدمت کر کے دین و دنیا کی فلاح حاصل کر سکتی ہو۔ اللہ تعالیٰ کے آگے تسلیم و رضا کے ساتھ جھکا رہنا چاہئے۔ باوجود دعاؤں کے اگر وہ کوئی فیصلہ صادر فرما دے تو اس کو نہایت صبر و شکر سے قبول کرنا چاہئے۔ اس نئے دور میں اکثر اوقات میاں بیوی اللہ تعالیٰ سے غافل ہو جایا کرتے ہیں۔ تم کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کو ہر ایک محبت پر مقدم رکھو۔ اس نے جو فرائض تم پر عائد کئے ہوئے ہیں ان کو ہمیشہ مقدم کرو۔ اپنی زندگی صرف اللہ تعالیٰ کے لئے گزارو تم دیکھو گی وہ کلی طور پر تمہارا ہو جائے گا جب وہ تمہارا ہو گیا تو پھر تم کو کس کی پرواہ۔ سب خود بخود تمہارے ہو جائیں گے۔ اب میں پیار و محبت بھرے جذبات پر اس خط کو ختم کرتا ہوں تم کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں۔ وہی تمہارا حافظ و ناصر ہو۔

مکرر آنکہ میں لکھنا بھول گیا۔ حضرت اماں جان ہمارے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہیں ان کی دعائیں اور محبت حاصل کرنے کی از حد کوشش کرو۔ یہ نہ پروا کرو کہ کسی وقت وہ کسی طرف توجہ ہونے کی وجہ سے متوجہ نہیں ہوتیں بلکہ اپنی خدمت سے اور محبت سے ان کو اپنا بناؤ اور ان کی دعائیں لو (اللہ نے چاہا تو) یہ خدمت تمہاری از حد نیک نصیبی کا موجب ہو گی۔ وہ بیمار رہتی ہیں تم ان کے قریب ہو گی۔ ان کی خدمت کرنا تم کو اپنا شیوہ بنا لینا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ تم کو ہر نیک کام کی توفیق دے۔

فقط خاکسار محمد عبداللہ خان

جو شخص اعمال سے کام نہیں لیتا وہ دعا نہیں کرتا بلکہ خدا تعالیٰ کی آزمائش کرتا ہے۔

(حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صاحبزادہ مرزا مجید احمد

خدا کے پردۂ غیب میں رہنے کی حکمت

بچے بالعموم یہ سوال کر بیٹھتے ہیں کہ اللہ میاں کہاں ہیں۔ وہ تو خیر بچے ہوتے ہیں ان کے سوالوں کی بوچھاڑ سے بچنے کے لئے کہہ دیا جاتا ہے کہ وہ آسمان پر رہتے ہیں۔ لیکن یہ سوال اچھے بھلے سیانے بھی کر دیتے ہیں کہ اگر خدا ہے تو نظر کیوں نہیں آتا جیسا کہ بنو اسرائیل نے حضرت موسیٰ کو کہہ دیا کہ جب تک ہم اللہ تعالیٰ کو دیکھ نہ لیں ہم ایمان نہیں لائیں گے۔ اور آج کل بھی مغرب زدہ اور دہریت سے متاثر طبقہ جب عقلی دلائل سے عاجز آجائے تو کہہ اٹھتا ہے کہ اچھا اگر خدا ہے تو کہاں ہے ہمیں دکھاؤ۔ ان کی اس احمقانہ دلیل کا سیدھا سادھا جواب تو یہ ہے کہ تمہیں خوشبو کیوں نظر نہیں آتی۔ بجلی کی رو کیوں نظر نہیں آتی۔ ہوا کیوں نظر نہیں آتی۔ غرض اس قسم کی سینکڑوں مثالیں دی جاسکتی ہیں جہاں حقیقتیں انسانی بصارت سے پوشیدہ رہتی ہیں مگر ان کے وجود سے کوئی بھی ہوش مند انسان انکار نہیں کر سکتا۔

لیکن اب ہم عقلی لحاظ سے اس امر کا تجزیہ کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کیوں نظر سے پوشیدہ ہے اور اس میں کیا حکمت ہے۔ انسان کی بصری قوت باقی تمام خواص اور حسوں کی طرح وسعت رکھتے ہوئے بھی محدود ہے۔ مثلاً جو چیز اوٹ میں ہو باوجود اس حقیقت کے کہ وہ موجود ہے آپ اسے دیکھ نہیں سکتے۔ بہت باریک اور لطیف اشیاء دیکھنے کے لئے آپ کو خوردبین کا سہارا ڈھونڈنا پڑتا ہے اور بہت دور کی چیزوں کے لئے دوربین کی ضرورت پڑتی ہے۔ اسی طرح نظر ایک خاص فاصلے کے بعد ہی بصارت کا مظاہرہ کر سکتی ہے۔ اگر کوئی چیز آنکھ سے ایک انچ کے فاصلہ پر ہو تو آپ پہچان نہیں سکتے پھر اندھیرے میں انسان دیکھ نہیں سکتا بصارت کے لئے روشنی کی ضرورت ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ انتہائی تیز روشنی میں بھی نظر کام کرنے سے عاجز آجاتی ہے اور آنکھیں چندھیا جاتی ہیں۔ پس انسان کا یہ دعویٰ کہ وہ ہر ایک شئے کو دیکھنے کی اہلیت رکھتا ہے پاگل کی بڑ سے کم نہیں۔ جتنی ہی کوئی شئے لطیف ہوتی چلی جاتی ہے یا جتنی ہی کوئی چیز حجم میں بڑی ہوتی جائے اتنی ہی وہ بصارت کی پہنچ سے باہر ہوتی چلی جاتی ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم مجھے اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے۔ مجھے ہی تمہاری محدود صلاحیتوں کی حد تک اترنا پڑتا ہے۔ جب حضرت موسیٰ نے درخواست کی کہ اے مالک ارض و سما مجھے اپنا جلوہ دکھا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں خبردار کیا کہ تجھ میں مجھے دیکھنے کی صلاحیت نہیں ہے باوجود اس کے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے عظیم الشان نبی تھے مگر بشریت کے دائرہ سے باہر نہ تھے۔

یہ ایک عام اصول ہے کہ چیزیں تو نظر آجاتی ہیں مگر چیزوں کی ماہیت نظر کے ادراک سے باہر رہتی ہے اور نہ ہی آپ اسے چھو سکتے ہیں۔ مثلاً گلاب کا پھول آپ کو اپنی خوبصورتی اور نفاست کی وجہ سے حیرت میں ڈال دیتا ہے اس کی پنکھڑیاں ریشم سے بھی زیادہ ملائم ہوتی ہیں۔ اس کی ساخت حیران کن۔ اس کے رنگ دلفریب اور اس کی خوشبو مسحور کن۔ لیکن آپ اس کی خوشبو کو تلاش کریں تو آپ کو نہ تو وہ نظر آئے گی نہ ہی آپ اسے پکڑ سکتے ہیں وہ کس چیز میں ہے کس طرح پیدا ہوتی ہے یہ سربستہ راز ہے۔ اسی طرح سنکھیا کیوں زہر قاتل ہے۔ وہ کون سی چیز ہے جس کی وجہ سے اس کا کھانا جان لیوا ثابت ہوتا ہے۔ اور کیوں اگر اسے ہومیو پیتھک مقدار میں کھایا جائے تو اکسیر ثابت ہوتا ہے۔ ڈاکٹر نکن ہے کہ آپ کو بتا سکیں کہ اس میں فلاں جز ہے جو ہلاکت کا موجب بنتا ہے مگر یہ کیوں بنتا ہے اس میں یہ تاثیر کہاں سے آئی اور فلاں جڑی بوٹی یا معدنی چیز یہ اثر کیوں نہیں پیدا کرتی یہ کوئی نہیں بتا سکتا۔ غرض اشیاء کی ماہیت کے اثرات تو معلوم ہو جاتے ہیں لیکن ماہیت دکھائی نہیں دے سکتی۔ اللہ تعالیٰ کی ذات کیونکہ مسبب الاسباب ہے اور ہر چیز جو اس نے پیدا کی وہ خود ہی اس کی ماہیت ہے اس لئے وہ نظر کی حدود سے ماوراء ہے۔

اسی طرح مرئی چیزیں بصارت کی زد میں آتی ہیں اور غیر مرئی چیزیں انسان کی آنکھ سے اوجھل رہتی ہیں ہر مذہب فرشتوں کے وجود کا قائل ہے مگر فرشتے ہوتے ہوئے بھی انسان کو نظر نہیں آتے کیونکہ وہ غیر مرئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا جس طرح انسان اندازہ لگاتا ہے کوئی جسم نہیں ہے۔ وہ ہے مگر اس کا کوئی جسم نہیں۔ وہ سراسر نور ہے اور نور بھی ایسا جو ادراک بصارت سے باہر ہے۔ معمولی سی مثال لے لیں۔ آفتاب ہے جو لاکھوں کروڑوں نوری سال کے فاصلہ پر ہوتے ہوئے تمام کائنات کو روشنی اور حرارت دیتا ہے۔ اسی سے زندگی قائم ہے۔ لیکن اگر آپ ننگی آنکھ سے چند منٹوں تک اس کی طرف دیکھیں تو آپ کی بصارت ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی۔ اگر آپ اس کے ہزاروں میل کے فاصلہ تک بھی قریب ہو جائیں تو آپ ایک لحظہ میں راکھ کے ڈھیر میں تبدیل ہو جائیں اور راکھ بھی حرارت کی وجہ سے بخارات میں تبدیل ہو کر فضا میں تحلیل ہو جائے۔ اگر کوئی جاہل یہ کہے کہ چلو مان لیا کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی جسم نہیں وہ نور ہے تو ہم نور کو ہی دیکھ لیں گے۔ لیکن وہ بات سمجھنے سے قاصر ہے کہ وہ نور کی تعریف بھی اپنی استعداد کے مطابق کر رہا ہوتا ہے۔ جو چیز مجسم نور ہو اور نور بھی ایسا کہ آفتاب اس کے سامنے اگر کوئی مثال دی جاسکتی ہو تو دیئے کی ٹمٹمائی ہوئی لو کے برابر ہے تو آنکھ میں سکت کہاں کہ وہ اس کی دید کو برداشت کر سکے۔

انسان کو اللہ تعالیٰ نے آزادی فکر سے نوازا ہے وہ اگر چاہتا تو اس مخلوق کو بھی فرشتوں کی طرح یا دوسری مخلوق کی طرح پیدا فرماتا جو اپنی تخلیق کے لحاظ سے اس حقیقت پر شاہد ہیں کہ وہ موجود ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے پسند فرمایا کہ وہ عقلی لحاظ سے بھی پہچانا جائے۔ وہ پوشیدہ ہی ہو مگر حق الیقین تک موجود بھی۔ اس لئے ضروری تھا کہ وہ پوشیدہ رہے تاکہ انسان ایمان بالغیب جیسے مشکل مقام پر یقین کی حد سے بھی بڑھ کر ایمان لانے والا بن سکے۔ پھر اس بات پر ذرا غور فرمائیں کہ جس طرح ایک ایمان دار کا ایمان ہے اور اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے کہ وہ جمیل ہے اگر وہ جمال کی صورت میں ہر وقت انسان کی نظروں کے سامنے رہتا اور ہر انسان اس کے جمال کا دیدار کر سکتا تو مخلوق خدا دیوانہ ہو جاتی اس نے یوسف کی شکل میں جس میں اپنے جمال کا کروڑواں حصہ کی بھی جھلک نہ رکھی تھی کہ عورتوں نے اسے دیکھ کر چھریوں سے اپنی انگلیاں کاٹ لیں اگر دنیا کی ایک حسین عورت یا مرد جو اپنے حسن و جمال میں ثانی نہ رکھتا ہو بالائے بام آکر عام دعوت نظارہ دے تو خلق خدا کے ہجوم سے ہزاروں انسان پاؤں تلے روندے جائیں اور اگر وہ ایک خونخوار جابر کی شکل میں ہر وقت ہر انسان کے سامنے نظر آتا رہے۔ جس شکل میں آج کا ان پڑھ ملا اسے لوگوں کے سامنے پیش کرتا ہے تب بھی انسان نہ کوئی گناہ کر سکتا اور نہ ہی نیک عمل۔ دونوں حالتوں میں وہ نہ جزاء کا مستحق ٹھہرتا نہ ہی سزا کا۔ ایک صورت میں وہ حسن و جمال کی ظاہری موجودگی کی وجہ سے گناہ سے باز رہتا اور دوسری طرف خوف کی وجہ سے اس کی گھگی بندھی رہتی۔

سب سے اہم بات جو یاد رکھنے والی ہے وہ یہ ہے کہ انسان کی تمام تر علمی اور مادی ترقی کا انحصار انسان کی فطرت میں ودیعت کی گئی جستجو پر ہے۔ خدا تعالیٰ کا غیب میں ہونا ہی انسان کی تلاش اور جستجو اور کل تحقیقاتوں کی راہ کھولتا ہے۔ اسی صفت نے انسان پر علم اور معارف کے دروازے کھولے ہیں۔ یہ نہیں کہ ان کا کوئی وجود ہی نہ تھا۔ وجود تھا مگر پوشیدہ تھا۔ مثال کے طور پر انجن کی ایجاد ہے۔ بجلی کی ایجاد ہے۔ یہ نہیں کہ دنیا میں پانی نہیں تھا۔ آگ نہیں تھی پانی سے بھاپ نہیں بنتی تھی۔ بھاپ اٹھنے سے پتیلی کا ڈھکنا اوپر نہیں اٹھتا تھا۔ بات صرف اتنی تھی کہ ان تمام عوامل کو یکجا کر کے اس کی قوت کو تصرف میں لانے کا عمل درکار تھا۔ یہ ایک بہت ہی ادنیٰ سی مثال ہے اگر آپ دنیا میں جو بھی مادی یا فکری انقلاب آئے ہیں ان کی تاریخ کا مطالعہ کریں تو آپ پر واضح ہو جائے گا۔ کہ یہ تمام انقلاب انسانی فکر و غور اور جستجو کا ہی نتیجہ ہیں۔ ایک وقت تھا کہ وہ غیب میں تھے انسانی سعی اور جستجو کی قوت نے پھل پایا اور اپنا مقصود حاصل کر لیا۔ پس اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ اسے تلاش کیا جائے۔ خدا تعالیٰ کا غیب میں رہنا انسان کی سعادت اور رشد کو ترقی دینے کی خاطر ہے اور اس کی روحانی قوتوں کو صاف اور جلا دینے کے لئے ہے یہ تلاش نظری تلاش نہیں بلکہ معنوی تلاش ہے۔ جب انسان کائنات پر غور کر کے پکار اٹھتا ہے کہ ہاں اس کا کوئی خالق ضرور ہے اور پھر جب وہ اس کی تلاش میں سرگرداں ہوتا ہے اور اس کی پیاس شدت پکڑتی ہے تو اللہ تعالیٰ خود اسے اپنے عرفان کا جام پلاتا ہے اور فرماتا ہے کہ ہم نے تجھے اپنے لئے سرگرداں پایا اور پھر ہم نے تیری راہ نمائی فرمائی۔

یہاں بعض دفعہ سوال کیا جاتا ہے کہ جب ایک شخص منزل کی تلاش میں نکلتا ہے اور اس کے لئے جدوجہد کرتا ہے تکلیفیں اٹھاتا ہے لیکن جب اسے منزل مل جاتی ہے تو اس کی جدوجہد ختم جو جانی چاہئے یا انسان دریا میں سفر کرتا ہے۔ اسے جب کنارا مل جاتا ہے تو وہ پھر کشتی سے اتر جاتا ہے کہ جس ذریعہ کو اس نے استعمال کیا اب کنارہ ملنے پر اس کی حاجت نہیں رہی۔ یا جب عاشق کو معشوق مل جائے تو اس کا مقصد حل ہو گیا۔ یہ دنیاوی معاملات میں تو درست ہے مگر خدا کے معاملہ میں نہیں وہ اس لئے کہ اگر اس کی بھی کوئی انتہا ہوتی تو سوال ٹھیک تھا لیکن جس کی نہ ابتداء ہو اور نہ

باقی صفحہ ۷ پر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ڈاکٹر قاضی محمد برکت اللہ - امریکہ

مایا ایک قدیم تہذیب

جنوبی امریکہ میں جہاں گوائٹے مالا آباد ہے۔ وہ جگہ ایک نہایت دانشمند قوم کا مرکز تھی۔ یہ لوگ گھنے جنگلات میں رہتے تھے۔ اپنی جگہ ان کی تہذیب نہایت عروج پر تھی لیکن باہر کی دنیا کو ان کے حالات کا کوئی علم نہ تھا۔ قریباً ڈیڑھ سو سال ہوئے ایک سیاح ان جنگلوں میں پہنچا اور نہایت عظیم الشان عمارتیں دیکھ کر ششدر رہ گیا اس وقت سے اس قوم کے بارے میں تحقیق شروع ہوئی۔ لیکن چونکہ سارا علاقہ اونچے اونچے درختوں میں چھپا ہوا ہے اور ایک موسم میں یہاں شدت سے بارش ہوتی ہے اس لئے تحقیق کے مراحل وقفے وقفے سے طے ہوئے۔ جو حالات پہلے سے سامنے آئے مزید تحقیق سے ان معلومات پر نظر ثانی کرنی پڑی۔ چونکہ پھر بھی حالات پہلے سامنے نہیں تھے اس لئے یہ معلومات نظر ثالث و نظر رابع کی محتاج ہیں اور ابھی قطعی طور پر اس گمشدہ تہذیب کے بارے میں حتمی معلومات نہیں ہیں۔

اس قوم کے پنپنے کے تین ادوار ہیں۔ پہلا دور ۱۲۰۰ قبل از مسیح تا ۲۵۰ بعد از مسیح۔ دوسرا دور ۳۰۰ سن عیسوی سے ۹۰۰ء تک اور تیسرا دور آجکل کا دور ہے۔ بہت قدیمی دور کے بارے میں بھی ابھی تاریخ دان متفق نہیں اور صرف دوسرے دور پر اپنی معلومات کی بنیاد رکھتے ہیں اور اسے ہی قطعی سمجھتے ہیں۔ لیکن یہ یقینی بات ہے کہ یونان' مصر و روما کی قدیمی تاریخ کے بارے میں جس طرح تمام تاریخ دان متفق ہیں اسی طرح اس قوم کے قدیمی دور سے بہت حد تک نابلد ہیں یہ تہذیب اپنے لحاظ سے صفحہ ہستی پر ابھری اور یکدم نیست و نابود ہو گئی۔

جو زبان اس قوم کی تھی اس سے محققین نے اس قوم کا نام "مایا" اخذ کیا ہے اور ان کی اپنی زبان میں اس کا ترجمہ نہایت دانشمند اور دانشوروں کی قوم ہے۔ علوم ریاضی۔ فلکیات کاشت کاری۔ انجینئرنگ میں انہیں عروج حاصل تھا۔ بنیادی گنتی ۲۰ کا ہندسہ تھی۔ جس طرح آج کل ۱۰ ہے۔ ایک روپے میں ۱۰ × ۱۰' ۱۰۰ پیسے انہیں صفر کے استعمال کا علم تھا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں نے اسے رائج کیا اور ہندوؤں نے بھی اسے سیکھا۔ اپنی زبان میں انہیں آگے پیچھے ۴۰۰ ملین (ایک ملین برابر ہے۔ ایک ہزار ہزار کے۔ دس لاکھ کے) کے حساب کا پتہ تھا۔

